بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27
فیکس نمبر: 061- 6539485

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

تاریخ: 30-10-1445
09-05-2024

حوالہ نمبر: AM-10693-1445

اہم فیصلے اجلاس مجلس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان
منعقدہ 28 شوال المکرّم 1445ھ مطابق 7 مئی 2024ء
بمقام جامعہ دارالعلوم کراچی، کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی

نصاب تعلیم:

(1) دیوان حماسہ کے باب الحماسہ کو فی الحال برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کی جانب سے دیوان حماسہ کے مختلف ابواب سے منتخب کردہ اشعار کے مجموعہ پر نصاب کمیٹی غور کرے گی۔

(2) فلکیات کے نصاب کے لیے حضرت مولانا امداد اللہ صاحب مدظلہم کی سربراہی میں کمیٹی، متبادل کتاب مرتب کرے گی۔ تاہم نئی کتاب مرتب ہونے تک جناب سید شبیر احمد کاکا خیل صاحب کی ''فہم فلکیات'' باستثناء ستاروں کی بحث پڑھائی جائے گی۔ نیز نظام شمسی کے بیان میں صرف سورج، زمین اور چاند کے متعلق مباحث پڑھائے جائیں گے۔

(3) معلم الانشاء جلد ثالث فی الحال حسب سابق نصاب میں شامل رہے گی۔ اس کی متبادل کتاب کے حوالے سے کمیٹی نے اب تک جو کام کیا ہے اس پر نصاب کمیٹی غور کرے گی۔

(4) القراءۃ الراشدہ کی تمارین کی تیاری حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدظلہم کے سپرد ہے، کام آخری مراحل میں ہے۔ ان کی طرف سے ایک ہفتہ میں مسودہ موصول ہوگا، نصاب کمیٹی اس پر مزید غور وخوض کرے گی۔

(5) ''مسلم ممالک میں اسلامیت اور مغربیت کی کشمکش'' پر دوبارہ غور وخوض کیا گیا۔ چونکہ یہ کتاب بہت پرانی ہے، اس موضوع پر موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق نئی کتاب کی تیاری کا فیصلہ کیا گیا۔ اس موضوع کے ماہرین سے مشاورت کے بعد حضرت صدر وفاق دامت برکاتہم کتاب مرتب فرمائیں گے۔

(6) وفاق کی طرف سے متوسطہ کے عصری نصاب تعلیم کی کتابوں کی تیاری پر کام تیزی سے جاری ہے۔ البتہ اس کی تکمیل تک حسب سابق صوبائی ٹیکسٹ بک بورڈ کی کتابیں پڑھائی جاتی رہیں۔

معیار تعلیم:

(7) ایسے مدارس کی فہرست مرتب کی جائے جنہوں نے کسی بھی درجے میں سالانہ امتحان میں شرکت نہیں کی۔ فہرست متعلقہ مسئولین کو بھیجی جائے اور وہ اس عدم شرکت کی وجوہات معلوم کریں۔

(8) جو طلبہ وطالبات داخلہ بھیج کر امتحان میں شرکت نہیں کرتے، اس کی وجوہات معلوم کی جائیں۔

(9) دینی تعلیم کا رجحان بڑھ رہا ہے یا کم ہو رہا ہے، صوبہ وار اعداد وشمار مرتب کیے جائیں۔

(10) معیار تعلیم کا جائزہ لیا جائے۔ کامیابی کا تناسب کم ہو رہا ہے، اس کی وجوہات معلوم کی جائیں۔

(11) وفاق کے تحت آن لائن نظام تعلیم قابل قبول نہیں۔ ناظمین کے ذریعے رپورٹ لی جائے گی کہ کون سے ملحق مدارس میں آن لائن نظام تعلیم ہے۔

تدریبات واجتماعات:

(12) تدریب المعلمین کا سلسلہ ضلعی سطح پر جاری رکھا جائے۔ تدریب کا نظم صوبائی ناظمین کریں گے جس کی سربراہی حضرت مولانا امداد اللہ صاحب مدظلہم فرمائیں گے۔ پہلے تدریب کرنے والوں کو اسلوب تدریب سکھایا جائے اور ہدایات دی جائیں کہ تدریب کس طرح کرنی ہے۔

(13) فضلاء کرام کے لیے ایک سالہ یا ششماہی یا سہ ماہی تدریب الفضلاء کورس کروایا جائے۔

(14) وفاق کے تحت عوامی اجتماعات ہونے چاہییں۔ مہتممین کی راہنمائی کے لیے اہل مدارس کے اجتماعات بھی ہونے چاہییں۔ صوبائی یا ضلعی سطح پر ان اجتماعات کے لیے مسئولین کوشش کریں۔ ان اجتماعات میں مرکزی قائدین بھی شرکت فرمائیں گے۔

امتحان وفاق:

(15) وفاق کے سالانہ امتحانات کو دو مراحل میں تقسیم کرنے کی تجویز زیر غور آئی۔ یہ معاملہ امتحانی کمیٹی کی طرف محول کر دیا گیا۔ نیز درجہ حفظ وکتب کا معیار امتحان بلند کرنے کے بارے میں بھی امتحانی کمیٹی غور کرے گی۔

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان